جامع درس گاہ

نترگالیں Nord

پراجیکٹ کوآرڈینیٹر (منتظم) : Yan Zhao

ای میل: . yan.zhao@nord.no

فون نمبر: 75517438/90761476

سکول کے -------------------
بچوں اور ان کے والدین کے نام

اب آپ کے بچے کو اکتوبر تا مئی کے عرصے میں مینٹور حاصل کرنے کا موقع مل رہا ہے!

بلبل پروگرام کو ________________________ 'بچوں اور مساوی حیثیت کا ادارہ' (Barne,- ungdoms- og likestillingsdepartementet) کے تعاون سے چلا رہا ہے۔ **بلبل** کی بنیاد سویڈن میں Malmø høgskole کے ایک مینٹور پروگرام پر رکھی گئی ہے۔ وہاں1997 میں پروگرام کے آغاز سے سکول کے 1000 طلبا و طالبات کو ایک تعلیمی سال کیلئے اپنا علیحدہ مینٹور ملتا آ رہا ہے۔ اس وقت یورپ کے سات ممالک میں **بلبل** موجود ہے۔

بلبل کے تحت 8 تا 12 سال عمر کے ان بچوں کو ایک تعلیمی سال کیلئے مینٹور کی پیشکش کی جاتی ہے جو اقلیتی پس منظر رکھتے ہیں۔ آپ کے بچے کا مینٹور کون ہو گا، اس کا انحصار بچے/بچی کی خواہشات، ضروریات اور دلچسپیوں پر ہے۔

آپ کا بچہ ہفتے میں ایک مرتبہ سکول کے اوقات کے بعد تقریبا دو- تین گھنٹے اپنے مینٹور کے ساتھ گزارتا ہے۔ آپ لوگ مینٹور کے ساتھ مل کر ملاقات کا وقت طے کرتے ہیں۔ یہ اہم ہے کہ بچے کے بہت سے دوسرے مشاغل فرصت نہ ہوں بلکہ اس کے پاس اپنے مینٹور سے ملنے کیلئے وقت ہونا چاہیئے۔

آپ کے بچے کا مینٹور بننے والا شخص ____________________ میں پڑھتا ہے۔ مینٹور بننے والوں کو ان کے کام کے لئے باقاعدگی سے رہنمائی اور معاوضہ ملتا ہے۔ کسی کو مینٹور مقرر کرنے سے پہلے اس کے حوالہ جات چیک کیے جاتے ہیں۔ ____________________ یونیورسٹی/کالج کے طلبا و طالبات کا انٹرویو کرتا ہے اور ان کے حوالہ جات اور کردار کی چیکنگ کر کے ہی انہیں مینٹور مقرر کرتا ہے۔

اس طرح آپ کے بچے کو ایک اور بالغ شخص میسّر آ جائے گا جس سے بچے کا رابطہ اور دوستی رہے گی۔ یہ بالغ شخص بچے کیلئے ایک اچھا نمونہ ہو گا۔ مینٹور اور بچہ مل کر اپنی مصروفیات طے کریں گے۔ مثال کے طور پر وہ ایک دوسرے کے گھر ملنے جا سکتے ہیں یا فرصت کے مختلف مشاغل میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اس کے پیچھے یہ سوچ ہے کہ یہ سرگرمیاں روزمرّہ نوعیت کی اور بالکل مفت ہوں۔ **بلبل** ایسی مشترکہ سرگرمیوں کا انتظام بھی کرتا ہے جو بچوں اور ان کے مینٹور کیلئے مفت ہوتی ہیں مثال کے طور پر فلم شو یا تھیٹر دیکھنے جانا۔ سب بچوں اور مینٹور طلبا و طالبات کو ملاقات کے وقت کے دوران حادثات کی انشورنس حاصل ہوتی ہے۔

مینٹور حاصل کرنے کیلئے کوئی فیس نہیں دینا پڑتی۔ تاہم والدین یا سرپرستوں کو بچے کے دوسرے اخراجات کیلئے کچھ رقم دینا پڑتی ہے جیسے بس/ٹرام کا کرایہ یا کسی جگہ جانے کیلئے داخلہ ٹکٹ۔